بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، بہاول پور

نمبر: 49/رجسٹریشن

مورخہ: 17-12-2024

(ترمیم شدہ نوٹیفکیشن)

بخدمت:

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات
(گورنمنٹ، الحاق شدہ ہائی / ہائیر سیکنڈری سکولز)
واقع حدود تعلیمی بورڈ، بہاول پور

عنوان: آن لائن رجسٹریشن برائے نہم جماعت (Class-IX) تعلیمی سیشن 26-2024 بمطابق ترمیم شدہ عمر کی حد

جملہ سربراہان ادارہ جات کی اطلاع کیلئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز آف چیئرمین کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق جماعت نہم میں رجسٹریشن کی مقرر کردہ 12 سال عمر کی حد میں دس ماہ کی رعایت (Relaxation) کے بعد نہم رجسٹریشن کی عمر کی حد 11 سال 2 ماہ مقرر کی گئی ہے۔ جسکی منظوری بہاول پور بورڈ نے کر دی ہے۔ جو کہ فوری طور پر نافذ العمل ہوگی۔ جماعت نہم تعلیمی سیشن 26-2024 کی رجسٹریشن کروانے کے خواہش مند طلباء / طالبات ترمیم شدہ عمر کی حد 11 سال اور 2 ماہ ہو (جس امیدوار کی تاریخ پیدائش یکم جون 2013 تک یا اس سے پہلے کی ہے) بتوسط ادارہ درج ذیل شیڈول کے مطابق کروا سکتے ہیں۔ جس کیلئے ٹوٹل فیس مبلغ -/5000 فی طالب علم / طالبہ مقرر کی ہے۔

نمبر شمار	شیڈول	اداروں میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری / کوائف کی فیڈنگ، بنک میں فیس جمع کرانے، آن لائن / کمپیوٹرائزڈ اصل بنک چالان اور رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع فارورڈنگ لیٹر بورڈ آفس میں جمع کرانے کی تاریخ۔
-1	رجسٹریشن برائے نہم جماعت (Class-IX) بغیر لیٹ فیس (ترمیم شدہ عمر حد کے مطابق)	17 دسمبر 2024 تا 24 دسمبر 2024

(ہدایات)

درج بالا شیڈول کے بعد امیدواران کی رجسٹریشن ریٹرن سابقہ جاری شیڈول نوٹیفکیشن نمبر Registration – 15 مورخہ 18-04-2024 کے مطابق اصل مروجہ فیس اور یومیہ جرمانہ کے تحت وصول کی جائے گی۔ جرمانہ میں کسی قسم کی کوئی رعایت نہیں دی جائے گی۔

نوٹ:۔ واضح رہے کی موجودہ شیڈول صرف ترمیم شدہ عمر کے فریش ریگولر طلباء / طالبات کی سہولت کے پیش نظر جاری کیا گیا ہے۔ مزید رہنمائی کیلئے بورڈ ہذا کی رجسٹریشن برانچ سے رابطہ فرمائیں تاہم امتحانی داخلہ فارم جاری شدہ شیڈول کے مطابق ہی جمع کروانا ہوگا۔

ظہور احمد چوہان
سیکریٹری
بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور